**آپ کی آواز اہم ہے!**

# مشترکہ کمیٹیوں کا تعارف

- پیداواری صلاحیت
- ثقافت کے بارے میں آگاہی
- تحفظ
- معاشرتی خدمات
- منظم طریقے سے کام کرنا
- تربیت




International Labour Organization

دولة قطر
State of Qatar
وزارة التنمية الإدارية والعمل والشؤون الاجتماعية
MINISTRY OF ADMINISTRATIVE DEVELOPMENT, LABOUR & SOCIAL AFFAIRS

TAAWON

بحیثیت کارکن ، آپ کی آواز اہم ہے! آپ کو بات چیت کرنے میں یا اچھے خیالات پیش کرنے میں کوئی پریشانی ہوسکتی ہے۔ لیکن اپنی انتظامیہ کو کیسے بتا سکتے ہیں؟ اپنی آواز مشترکہ کمیٹی کے ذریعے انتظامیہ تک پہنچائی جاسکتی ہے۔





### مشترکہ کمیٹی کیا ہے؟

قطر کے مزدور قانون کے تحت ، ۳۰ سے زائد کارکنان والی کمپنیاں ایک مشترکہ کمیٹی میں ورکرز اور انتظامیہ کے نمائندے مساوی تعداد میں موجود ہوتے ہیں۔

### مشترکہ کمیٹی کیسے میری مدد کر سکتی ہے؟

اگر آپ کو کوئی پریشانی ہے یا تجویزپیش کرنی ہے تو مشترکہ کمیٹی کے ورکرز کے نمائندے اس موضوع پر انتظامیہ سے بات کرسکتے ہیں۔



### مشترکہ کمیٹی کب کب میٹنگ کرتی ہیں؟

مشترکہ کمیٹیاں ایک ماہ میں کم سے کم ایک بارضرور میٹنگ کرتی ہیں اور کام سے متعلق اہم امور پر بات کرتی ہیں۔

### ورکرز کی نمائندگی کون کرسکتا ہے؟

ورکرز دو سال کے لئے مشترکہ کمیٹی کے نمائندوں کا انتخاب کرتے ہیں۔ جو ساتھی ورکرز بات سنتے ہیں اور ان کے مسائل پر بات کرتے ہیں۔ مشترکہ کمیٹی کی میٹنگ کے بعد ورکرز کو بتاتے ہیں کہ کن معاملات پر رضامندی ہوئی ہے۔



### کیا میں امیدوار بن سکتا ہوں؟

اگر آپ کی کمپنی کی کوئی مشترکہ کمیٹی ہے تو، آپ ایک کارکن ورکرز نمائندے کی حیثیت سے انتخاب لڑسکتے ہیں۔
تمام کارکنان ورکرز خواہ وہ براہ راست کمپنی میں کام کرتے ہوں یا وہ کسی ٹھیکیدار یا ایجنسی کے لئے کام کرتے ہوں اور کمپنی میں ملازم ہوں تو، وہ انتخابات میں حصہ لے سکتے ہیں۔
آپ کے پاس ملازمت کا قانونی معاہدہ ہونا ضروری ہے ، کم سے کم ایک سال مکمل ملازمت کی ہو اور انتظامیہ کے عہدے پر فائز نہ ہوں۔

### کیامجھے معاوضہ دیاجا ئیگا؟

مشترکہ کمیٹی کے ممبر بننے کے لئے کوئی اضافی تنخواہ نہیں ہے ، تاہم ، آپ کو اپنے فرائض کی انجام دہی کے لئے کام کے اوقات میں اضافی وقت دیا جائے گا۔



### الیکشن/انتخابات کے بارے میں مجھے کیسے پتہ چلے گا۔

آپ کا ہیومن ریسورس ادارہ اعلان کرے گا کہ آپ کی کمپنی میں مشترکہ کمیٹی کا الیکشن کب اور کیسے ہونا ہے۔

### اگر میں منتخب ہوا تو کیا مجھے تربیت دی جائے گی؟

منتخب ہونے پر، آپ کو اپنے نئے فرائض اور ذمہ داریوں کی تربیت دی جائے گی۔

### اگر میں منتخب ہوا تو کیا مجھے تربیت دی جائے گی؟

منتخب ہونے پر، آپ کو اپنے نئے فرائض اور ذمہ داریوں کی تربیت دی جائے گی۔ www.ilo.org/qatar-office دیکھیں